سوال

(570) زید کا باپ بد چلنی میں اپنی جائداد خراب کرتا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کا باپ بد چلنی میں اپنی جائداد خراب کرتا ہے۔ ایک زانیہ عورت اور اس کے رشتہ داروں سے اسی ناجائز تعلق میں اس حد تک سلوک کرتا ہے۔ اور کرنا چاہتا ہے کہ اپنی حقیقی اولاد کے لئے کچھ نہیں چھوڑنا چاہتا۔ ایسی حالت میں اولاد اس کے ایسا کرنے میں مانع ہو۔ تو نافرمانی کی وجہ سے گناہ گار تو نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صورت مرقومہ میں زید کا والد ظالم اور گمراہ ہے۔ اور اس کو ایسے ظلم اور کجروی سے نیک نیتی کے ساتھ روکنا گناہ نہیں بلکہ ثواب ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔ انصر اخاک ظالما اوم ظلوما

(جو کوئی ناجائز کام کرتا ہو اس کو روک دو) مگر باپ کے مرتبہ کا لحاظ اور ادب رکھ کر بے ادبی نہ کرے صرف اس ناجائز حرکت سے روکے۔ (اہلحدیث امرتسر ص 2112۔ صفر 36 ہجری)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 535

محدث فتویٰ